واش روم (بیت الخلاء) میں داخل ہونے سے پہلے پڑھی جانے والی دعا

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُ بِكَ مِنَ الۡخُبُثِ وَ الۡخَبَآئِثِ

ترجمہ:

اے اللہ! بے شک میں خبیث جنوں اور خبیث جنیوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

صحیح بخاری کی حدیث مبارک میں ہے: عن أنس بن مالك رضي الله عنه قال: كان النبي صلى الله عليه وسلم إذا دخل الخلاء قال: اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُ بِكَ مِنَ الۡخُبُثِ وَ الۡخَبَآئِثِ ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب بیت الخلاء میں داخل ہونے لگتے تو یہ (اوپر ذکر کردہ دعا) پڑھتے۔ (صحیح بخاری، جلد 8، صفحہ 71، رقم الحدیث: 6322، مطبوعہ دار طوق النجاۃ)

نوٹ: یہ دعا پاخانے میں داخل ہونے سے پہلے پڑھ لی جائے، کیونکہ گندی جگہ پر اللہ کا ذکر ممنوع ہے۔ (مرآۃ المناجیح، جلد 1، صفحہ 321، نعیمی کتب خانہ گجرات)

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net